فوری ریلیز کے لیے: 1/8/2023 | گورنر KATHY HOCHUL

گورنر HOCHUL نے نیو یارک کے شہریوں کے لئے صاف توانائی کے اخراجات میں کمی لانے کے لئے اہم وفاقی امداد کا اعلان کر دیا

مہنگائی میں کمی کا یہ قانون ریاست نیو یارک میں جوہری بجلی کی حمایت و معاونت کر رہا ہے

نیو یارک کے شہریوں کو اخراجات میں بچت کے لئے سینکڑوں ملین ڈالرز ملیں گے

گورنر Kathy Hochul نے آج اعلان کیا کہ مہنگائی کم کرنے والے ایکٹ (Inflation Reduction Act) کی بدولت نیو یارک کے لاکھوں شہریوں کو اپنے یوٹیلٹی بلوں میں کمی کا مشاہدہ ہوگا۔ IRA کی فنڈنگ سے نیویارک کے جوہری پاور پلانٹس کو مدد ملے گی کہ وہ نیویارک کے شہریوں کو صفر اخراج والی بجلی فراہم کریں۔ وفاقی نیوکلیئر پروڈکشن ٹیکس کریڈٹ، جسے کانگریس نے منظور کیا اور جس پر صدر بائیڈن نے IRA کے جزو کے طور پر دستخط کیے، نیویارک میں کام کرنے والے چار جوہری ری ایکٹرز کو اہم مالی مدد فراہم کرے گا اور اس طرح مستقبل میں نیویارک الیکٹرک ریٹ ادا کرنے والوں کی جانب سے ان پلانٹس کو ادا کی جانے والی رقوم میں کمی آئے گی۔

"مہنگائی میں کمی کا ایکٹ نیویارک میں رہنے والوں کی اپنے یوٹیلیٹی اخراجات کم کرنے کے لئے اہم حیثیت کا حامل رہا ہے، جبکہ ریاست کو بھی اس سے مضر اخراج میں کمی کرنے اور موسمیاتی تبدیلیوں کے عالمی چیلنج کا سامنا کرنے میں مدد مل رہی ہے،" **گورنر Hochul نے کہا۔** "ہم صدر بائیڈن، ان کی انتظامیہ اور نیو یارک کے ڈیموکریٹک کانگریسی وفد کے ساتھ اپنی شاندار اور مستحکم شراکت داری کو سراہتے ہیں جس کے ذریعے ہمیں سستی اور صفر اخراج والی بجلی کے ساتھ نیو یارک کو مزید ارزاں اور زیادہ قابل رہائش بنانے والے اپنے مقصد کو آگے بڑھانے میں مدد مل رہی ہے۔"

IRA کے اہداف اور پالیسیاں گزشتہ دہائی کے دوران ریاست نیو یارک کے پہلے سے نافذ کردہ اقدامات اور حکمت عملیوں کی حمایت کر رہی ہیں۔ 2016 میں نیویارک اسٹیٹ پبلک سروس کمیشن نے صحت عامہ، ماحولیات اور معیشت پر آب و ہوا کی تبدیلی کے منفی اثرات کے اعتراف میں کلین انرجی اسٹینڈرڈ (Clean Energy Standard, CES) نافذ کیا تھا، جو نیویارک میں بجلی کی پیداوار کے لئے کاربن میں کمی لانے والے اختیارت تجویز کرنے والا پہلا ملک گیر پروگرام تھا۔ 2019 میں ریاست نے کلائمیٹ لیڈرشپ اینڈ کمیونٹی پروٹیکشن ایکٹ یا کلائمیٹ ایکٹ نافذ کیا، جو کاربن کے اخراج سے نمٹنے کے لئے ماحولیاتی تبدیلی کا ایک اہم ترین قانون ہے۔ کلائمیٹ ایکٹ کا مقصد پوری ریاست میں گرین ہاؤس گیسوں کے اخراج کو 2030 تک 40 فیصد کم کرنے اور 2050 تک 1990 کی سطح سے کم از کم 85 فیصد تک کم کرنا ہے۔ کلائمیٹ ایکٹ یہ پابندی بھی لگاتا ہے کہ 2040 تک ریاست کے الیکٹرک گرڈ کا اخراج 100 فیصد صفر ہو جانا چاہیے۔

پبلک سروس کمیشن کے سربراہ Rory M. Christian نے کہا، "میں صدر Biden، گورنر Hochul اور امریکی کانگریس کی ان کوششوں کا معترف ہوں جنہوں نے یہ امر یقینی بنایا کہ مہنگائی میں کمی کا قانون موسمیاتی تبدیلی سے نمٹنے والے اہم اقدامات کے مسلسل جاری آپریشن کی مدد و حمایت کرے گا۔ سب سے اہم بات یہ ہے کہ PTC اقدام کے ذریعے ان ریاستوں میں صارفین پر ممکنہ اثرات کا تدارک بھی ہو کیا جائے جنہوں نے موسمیاتی

تبدیلیوں کا مقابلہ کرنے کے لئے فعال طور پر کام کیا، اور جوہری تنصیبات میں گرین ہاؤس گیس سے پاک بجلی کی پیداوار سے وابستہ ماحولیاتی خصوصیات کی قدر کو تسلیم کرتے ہوئے انہیں بھی حل کیا جائے۔"

ریاست نیویارک کے محکمۂ تحقیق و ترقئ توانائی کی صدر اور سی ای او Doreen M. Harris نے کہا، "صدر بائیڈن کے اس تاریخی مہنگائی کم کرنے والے ایکٹ کے نتیجے میں ممکن بننے والی یہ اہم وفاقی مدد یقیناً اس امر کو یقینی بنانے میں مدد دے گی کہ نیو یارک کے پلانٹس ہمارے ملک گیر ماحولیاتی اور صاف توانائی کے اہداف میں اپنا حصہ ڈالنا جاری رکھ سکیں اور پوری ریاست میں نیو یارک باسیوں کے لئے بلوں کی رقوم میں نمایاں بچت کی پیش کش کرنے والے مواقع کو زیادہ سے زیادہ بڑھا سکیں۔ Constellation Energy کافی طویل عرصے سے صاف وسائل کے متنوع پورٹ فولیو کے ایک جزو کے طور پر پاور گرڈ کو قابل اعتماد، صفر اخراج والی بجلی فراہم کرنے کی ریاستی کوششوں میں شراکت دار رہا ہے۔"

اگست 2016 میں ایک مکمل انتظامی کارروائی کے بعد PSC نے جوہری صفر اخراج کی خصوصیات کو برقرار رکھنے کے لئے نیو یارک زیرو اخراج کریڈٹ (Zero Emission Credit, ZEC) کے تقاضے تشکیل دیے۔ ZEC کے تقاضے نافذ کرنے کے لئے PSC نے نیو یارک اسٹیٹ انرجی ریسرچ اینڈ ڈیولپمنٹ اتھارٹی (New York State Energy Research and Development Authority, NYSERDA) کو کوالیفائنگ نیوکلیئر تنصیبات سے ZECs خریدنے کے لئے کئی برسوں پر محیط معاہدوں میں داخل ہونے کا اختیار دیا جس سے عوامی ضروریات کا مدنظر رکھنے والی اپچ کا عملی مظاہرہ ہوا۔ جوہری توانائی سے چلنے والے چار ری ایکٹرز — Ginna، Fitzpatrick، اور Nine Mile Point کے یونٹ 1 اور 2 — کی تصدیق PSC نے عوامی ضروریات کے معیار پر پورے اترنے والے پلانٹس کے طور پر کی تھی۔ NYSERDA کے ساتھ ہر پلانٹ کے قابل تصدیق تاریخی کلین انرجی اقدامات، ہر پلانٹ کی طرف سے متوقع ناکافی مارکیٹ آمدنی، دیگر صاف توانائی کے متبادل کے مقابلے میں ZECs کے فوائد اور اخراجات، اور ZEC ادائیگیوں کے شرح ادا کرنے والے اثرات کی بنیاد پر ZEC کے معاہدے کیے گئے۔

جب PSC نے ZEC پروگرام کا آغاز کیا، تو اس نے یہ بھی تسلیم کیا کہ اگر وفاقی حکومت نے بعد میں جوہری بجلی کی تنصیبات کے لئے مالی مدد فراہم کی تو اس پروگرام کو مستقبل میں ایڈجسٹ کیا جا سکے گا۔ حال ہی میں نافذ کردہ وفاقی پیداواری ٹیکس کریڈٹ اب اس طرح کی معاونت فراہم کر رہا ہے۔

ہر پلانٹ کے لئے ZEC معاہدہ چھ دو-سالہ مراحل میں چلایا جاتا ہے، جس کا پہلا مرحلہ 1 اپریل، 2017 کو شروع ہوا تھا۔ ہر مرحلے میں ZEC کی قیمت اس بنیادی ZEC قیمت کے ذریعے قائم کی جاتی ہے جو وفاقی حکومت کی کاربن کی سماجی لاگت کی عکاسی کر رہی ہے، جسے نیچے کی جانب ایڈجسٹ کیا جا سکتا ہے اور جو 1 اپریل، 2023 کو چوتھے مرحلے کے آغاز کے ساتھ واقع ہوئی ہے۔

ZEC معاہدوں میں واضح طور پر یہ تقاضا شامل کیا گیا ہے کہ ZEC ادائیگیوں کو قانون میں تبدیلی کے مطابق ایڈجسٹ کیا جائے گا جو معاہدے کے اصل معاشی فوائد کو مادی طور پر تبدیل کر دے گا مثلاً IRA پروڈکشن ٹیکس کریڈٹ (production tax credit, PTC) جیسا جوہری پیداوار کے مقاصد کا حامل وفاقی ٹیکس کریڈٹ۔ جب Constellation ٹیکس سال 2024 کے لئے اپنے 2025 کے کارپوریٹ ٹیکس ریٹرن پر نیو یارک نیوکلیئر جنریشن یونٹس میں اپنی ملکیت کی عکاسی کرنے والے وفاقی PTC کا دعوی کرنا شروع کرے گا، تو PTC کو ZEC ادائیگیوں کی رقوم کم کرنے کے لئے استعمال کیا جائے گا۔ PTC نیو یارک کے بجلی صارفین کے بلوں میں کمی کرے گا جس کے نتیجے میں ممکنہ طور پر 2025 کے اوائل سے ہی سینکڑوں ملین ڈالرز کی بچت ہونا شروع ہو جائے گی۔

Constellation Energy ریاست نیو یارک میں چار آپریٹنگ نیوکلیئر پاور ری ایکٹرز کی مالک ہے یا انہیں کنٹرول کرتی ہے جو Ginna، Fitzpatrick، اور جھیل اونٹاریو پر واقع Nine Mile Units کے یونٹس 1 اور 2 ہیں۔

###

اضافی خبریں یہاں ملاحظہ کی جا سکتی ہیں www.governor.ny.gov
ریاست نیو یارک | ایگزیکٹیو چیمبر | press.office@exec.ny.gov | 518.474.8418

ان سبسکرائب کریں